SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبرXIII مجریہ 1981
SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 1981
سندھ سول کورٹس (دوسری ترمیم) آرڈیننس، 1981
THE SIND CIVIL COURTS (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1981

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ مغربی پاکستان آرڈیننس II مجریہ 1962 کی دفعہ 7 میں ترمیم

Amendment of section 7 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۳۔ مغربی پاکستان آرڈیننس II مجریہ 1962 کی دفعہ 18 میں ترمیم

Amendment of section 18 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۴۔ سندھ آرڈیننس VI مجریہ 1981 کی دفعہ کو حذف کیا جائے گا

Omission of section 4 of Sindh Ordinance VI Of 1981

سندھ آرڈیننس نمبرXIII مجریہ 1981
SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 1981

سندھ سول کورٹس (دوسری ترمیم) آرڈیننس، 1981

THE SIND CIVIL COURTS (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1981

تمہید (Preamble)

[9 اگست 1981]

آرڈیننس، جس سے سندھ سول کورٹس آرڈیننس 1962 اور سندھ سول کورٹس (ترمیم) آرڈیننس، 1981 میں ترمیم کی جائے گی۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

اس آرڈیننس کے ذریعے سندھ سول کورٹس آرڈیننس، 1962 اور سندھ سول کورٹس (ترمیم) آرڈیننس 1981، میں ترمیم کرنا مقصود ہے۔

جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا۔

لہذا 5 جولائی 1977 کے اعلان اور وقتی آئین 1981 کے حکم کی تعمیل میں گورنر سندھ بخوشی اس آرڈیننس کو بنا کر نفاذ فرماتا ہے۔

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ سول کورٹس (دوسری ترمیم) آرڈیننس، 1981 کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

مغربی پاکستان آرڈیننس II مجریہ 1962 کی دفعہ 7 میں ترمیم
Amendment of section 7 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۲۔ سندھ سول کورٹس آرڈیننس، 1962 جس کو اس کے بعد بھی آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ 7 میں فل اسٹاپ کی جگہ کولن کی جائے گی اور مندرجہ ذیل پر وویزو کا اضافہ کیا جائے گا؛

‘‘سندھ سول کورٹس ترمیم آرڈیننس 1981 کے نفاذ سے قبل کراچی ڈسٹرکٹ کورٹ میں زیر التوا سماعت تمام اصل مقدمات اور کاروائیاں جن کی ویلیو ایک لاکھ سے تجاوز کرتی ہو، ان کو ہائی کورٹ کی طرف سے نمٹایا جائے گا۔ سوائے ان مقدمات اور کاروائیاں کے جو مذکورہ بالا ترمیم کے نفاذ کے بعد ڈسٹرکٹ جج کراچی کی عدالت میں پیش کئے جائیں گے جو پہلی ہی اس کورٹ کے کی جانب سے طے کیاگیا ہے۔’’

مغربی پاکستان آرڈیننس II مجریہ 1962 کی دفعہ 18 میں ترمیم
Amendment of section 18 of West Pakistan Ordinance II of 1962

سندھ آرڈیننس VI

مجریہ 1981 کی دفعہ کو حذف کیا جائے گا
Omission of section 4 of Sindh Ordinance VI Of 1981

۳۔ اس آرڈیننس کے دفعہ 18 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (a) میں ‘‘پچیس ہزار روپے’’ کی جگہ ‘‘پچاس ہزار روپے’’ کو متبادل بنایا جائے گا۔

۴۔ سندھ سول کورٹس (ترمیم) آرڈیننس، 1981 کی دفعہ 4 کو حذف کردیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔